ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس **فون:۔ 99212639**

- اتحاد ٹاؤن میں شہید ہونیوالے پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ پولیس ہیڈ کوارٹر گارڈن میں ادا کر دی گئی
- آئی جی سندھ، ایڈیشنل آئی جی کراچی و دیگر سینئر پولیس افسران کی شرکت

کراچی، 18 مئی 2012ء:۔ خیبر چوک اتحاد ٹاؤن پولیس اسٹیشن موچکو کی حدود میں دوران اسنیپ چیکنگ نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے پولیس اہلکاروں محمد خان اور عارف کی گارڈن پولیس ہیڈ کوارٹر میں پڑھائی جانیوالی نماز جنازہ میں آئی جی سندھ مشتاق احمد شاہ، ایڈیشنل آئی جی سندھ فلک خورشید اور ایڈیشنل آئی جی کراچی اختر حسن گورچانی، اے آئی جی آپریشنز سندھ کے علاوہ ڈی آئی جی ویسٹ، ایس ایس پی ویسٹ اور پولیس افسران و اہلکاروں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

آئی جی سندھ نے میڈیا کے نمائندوں سے ہونیوالی گفتگو کے دوران کہا کہ شہریوں کی جان و مال کی سلامتی کو یقینی بنانا اور امن و امان کے حالات کو کنٹرول میں رکھنا پولیس فورس کے بنیادی فرائض ہیں۔ پولیس بالخصوص جرائم سے متاثرہ علاقوں میں نہ صرف ٹارگیٹڈ ایکشن جاری رکھیگی بلکہ انٹیلی جینس ریکی اور نگرانی کے عمل سے جرائم پیشہ اور سماج دشمن عناصر کے خلاف مربوط و منظم کاروائیوں کو بھی مزید موثر بنائیگی۔

اس موقع پر انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کو انکی جرأت و بہادری پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ورثاء کے لیے محکمہ پولیس کی جانب سے مروجہ مراعات اور کسی بھی ایک فرد کو پولیس میں ملازمت دینے کا اعلان کیا۔

#